# حیدر آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی


کمرہ نمبر:113 پہلی منزل واپڈا آفس کمپلیکس
سینٹرل بلڈنگ حسین آباد حیدرآباد
Email : pro@hesco.gov.pk

پی آر سیکشن

فون نمبر: 022-9260511
022-9260452
فیکس نمبر: 022-9260361/9260452


تاریخ: **22.04.2021**

## پریس ریلیز

**مینجر میٹریل مینجمنٹ محمد اقبال میمن کے ریٹائر ہونے پر حیسکو انتظامیہ کی جانب سے پروقار عشائیہ کا انعقاد۔**

**حیسکو انتظامیہ کی جانب سے دیئے گئے اعزاز پر حیسکو چیف محمد یعقوب شیخ و دیگر افسران کا بے حد مشکور ہوں، جنہوں نے اتنی عزت دی ہے۔ محمد اقبال میمن۔**

**محمد اقبال میمن نے حیسکو میں اپنی خدمات بہتر طریقے سے سرانجام دیں۔ ان کیلئے یہ کہوں گا کہ فرض شناسی اور ایمانداری سے اپنے فرائض سرانجام دینے سے کامیابی ملتی ہے اور اس کے علاوہ ضمیر بھی مطمئن رہتا ہے اور میں اس موقع پر اقبال میمن کو مبارکباد دیتا ہوں۔ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر محمد یعقوب شیخ**

حیدرآباد ( ) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو انتظامیہ کی جانب سے مینجر مٹریل مینجمنٹ اقبال میمن کے ریٹائرمنٹ پر ایک پروقار عشائیہ کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر محمد یعقوب شیخ نے کہا کہ آج ہم اپنے ساتھی کو حیسکو سے باعزت طریقے سے ریٹائر ہونے پر مبارکباد دیتے ہیں اور ہم انہیں یقین دلاتے ہیں کہ ہمارے دروازے ان کیلئے ہمیشہ کھلے رہیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ فرض شناسی اور ایمانداری سے اپنے فرائض انجام دینے سے کامیابی ملتی ہے اور اس کے علاوہ ضمیر بھی مطمئن رہتا ہے۔ اس موقع پر ریٹائر ہونے والے مینجر مٹریل مینجمنٹ محمد اقبال میمن نے کہا کہ میرے لیئے یہ لمحات باعث فخر ہیں اور اس عزت افزائی پر میں حیسکو چیف محترم محمد یعقوب شیخ و دیگر افسران کا بے حد مشکور ہوں، جنہوں نے مجھے اتنی عزت دی ہے جس کو میں ہمیشہ یاد رکھونگا۔ اس موقع پر حیسکو انتظامیہ کی جانب سے پینشن بک دی گئی جبکہ روایتی تحفہ سندھی ٹوپی اور اجرک اور دیگر تحائف بھی دیئے گئے۔ تقریب میں چیف ایگزیکٹو آفیسر کے علاوہ تمام ریٹائر چیف ایگزیکٹو آفیسر جنرل مینجر آپریشن عبدالاحد، چیف انجینئر ٹیکنیکل زاہد پرویز مغل، مینجر ایڈمن میاں محمد سہیل افضل، چیف کمرشل آفیسر خوب چند، MM کے غوث بخش جتوئی، منظور مگسی مینجر CPC دین محمد، غیاث الدین، عدیل الزماں، ریٹائرڈ ایکسین عبداللہ یوسفانی، فرید احمد سومرو، عبدالمجید منگی، ڈپٹی ڈائریکٹر PDC غلام سرور انڑ، XEN گاڑی کھاتہ و دیگر افسران بھی موجود تھے۔

حیدرآباد: حیسکو چیف محمد یعقوب مینجر مٹیریل مینجمنٹ محمد اقبال میمن کو ریٹائرمنٹ کے موقع پر شلیڈ اور پینشن بک دے رہے ہیں، دوسری جانب تقریب میں سابقہ حیسکو چیف عبدالحق میمن، رحم علی اوٹھو دیگر شریک تمام افسران کے ساتھ گروپ فوٹو۔